"اے بیٹر اسٹارٹ" کا قومی جائزہ
گھرانوں سے سیکھنا

کیا ہو رہا ہے؟

محققین کی ایک ٹیم "اے بیٹر اسٹارٹ" کی سروسز کا قومی سطح پرجائزہ لے رہی ہے۔

سسیکس یونیورسٹی کے محققین گھرانوں سے بات کر کے یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ وہ "اے بیٹر اسٹارٹ" یعنی ABS سروسز کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔

وہ 25 گھرانوں سے بات کرنا چاہتے ہیں:

- جن کا کوئی بچہ 0 سے 12 مہینے تک کا ہو یا 24سے 36 مہینے تک کا بچہ ہو۔
- جوABS کے پانچ علاقوں میں سے کسی ایک علاقے میں رہتے ہوں یہ علاقے؛ بلیک پول، بریڈفورڈ، لیمبتھ، ناٹنگھم اور ساوّتھ اینڈ آن سی کے ہیں۔

محققین اس امر کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ **ان 25 گھرانوں میں ہر قسم کے مختلف گھرانے جنہوں نے ABS کے ساتھ کام کیا ہو شامل ہو سکیں**۔ آپ کا مقامی ABS پارٹنرشپ کا دفتر اس کام کے لئے ان کی مدد کر رہا ہے۔

آپ کے مقامی ABS کے دفتر نے اس بات سے اتفاق کیا ہے کہ وہ ان محققین کے لئے **مقامی علاقے کے گھرانوں کی ایک گم نام لسٹ بنائیں گے۔**

- اس لسٹ میں صرف ان گھرانوں کو شامل کیا جائے گا جو اس تحقیق میں شامل ہونے پر اتفاق کریں گے۔
- اس میں گھرانوں کے نام یا ان کی شناخت کئے جا سکنے والے امور کو شامل نہیں کیا جا سکے گا۔
- اس میں معلومات کا ایک بے نام خلاصہ بھی شامل کیا جائے گا۔
  - جیسے مثال کے طور پر یہ کہا جائے، "ایک سومالی ماں جس کا دو سال کا بیٹا ہے وہ "سٹے اینڈ پلے سروسز" یعنی کھیل کی سروس جہاں رکا جا سکتا ہے، استعمال کرتی ہیں۔
- محققین ایسی معلومات کو جانچ کر 25 مختلف گھرانوں کا انتخاب کریں گے کہ جنہیں اس تحقیق میں شامل ہونے کی دعوت جائے۔

اگر آ پ کچھ پوچھنا چاہیں تو آپ بلاواسطہ محققین سے پوچھ سکتے ہیں۔

ایلی لیسی سے بات کریں:07823515120

ای میل کا پتہ: A.Lacey@sussex.ac.uk

آپ کیا چاہتے ہیں میں کیا کروں؟

آپ کا ABS کا دفتر یہ چاہتا ہے کہ آپ کے گھرانے کو تحقیق کے لئے محققین **کی گم نام گھرانوں کی لسٹ** میں شمولیت کی دعوت دے

اگر آپ اس لسٹ میں شمولیت کو تسلیم کریں:

- آپ کا ABS کا دفترمحققین کو آپ کا نام یا آپ کی شناخت کے کوئی دیگر امور نہیں بتائے گا۔
- **ممکن ہے آپ کے گھرانے کو تحقیق میں شامل نہ** بھی کیا جائے۔۔کیونکہ اس کا دارومدار ABS کے تمام علاقوں میں مختلف قسم کے گھرانوں کے انتخاب پر ہو گا۔
- اگر آپ کے گھرانے کو تحقیق کے لئے منتخب کیا گیا:
  - آپ کا ABS کا دفتر آپ سے اجازت لے گا کہ کیا آپ سے رابطے کی تفصیل محققین کو دی جا سکتی ہے۔
  - آپ انکار کر سکتے ہیں یا اپنا ارادہ کسی بھی وقت تبدیل کر سکتے ہیں۔یہ آپ کی رضا ہو گی۔
  - اگر آپ کا جواب ہاں میں ہوا تو ABS کے محقق آپ سے رابطہ کریں گے۔

اگر آپ اس لسٹ میں شمولیت نہیں چاہتے:

یہ بھی ٹھیک ہے۔آپ کا ABS کا دفتر یہ بھی کسی کو نہیں بتائے گا اور آپ کو جو بھی سروسز مل رہی ہیں ان پر اس کا اثر نہیں پڑے گا۔

اگر میں نے اس تحقیق میں شمولیت پر رضامندی دی؟

سسیکس یونیورسٹی کے محقق آپ سے رابطہ کریں گے اور اس جائزے کے بارے میں آپ کو مزید بتائیں گے اور آپ سے یہ پوچھیں گے کہ کیا آپ اس میں حصہ لینے پر رضامند ہیں۔

- آپ اب بھی کسی بھی وقت انکار کر سکتے ہیں
- اگر آپ نے تسلیم کیا تو محقق آپ سے کہیں گے کہ وہ چار سال تک ہر سال میں دو مرتبہ آپ سے بات کرنا چاہیں گے۔
- ہر سال میں ایک مرتبہ آپ کے گھر پر یا اگر آپ کسی اور جگہ کو ترجیح دیں تو وہاں آپ سے ملاقات ہو گی۔
  - ہر سال ایک مرتبہ فون پر بات ہو گی ۔۔ ملاقات کے تقریبا چھ مہینے بعد۔
  - آپ کسی بھی وقت اس میں حصہ لینے کا ارادہ بدل سکتے ہیں۔

اگر آپ تحقیق میں حصہ لیں:

- ملاقاتیں تقریبا دو گھنٹے کی ہوں گی اور ٹیلیفون پر آدھے گھنٹے کی۔ ہر چیز ایسے وقت میں ہو گی جو آپ کے لئے مناسب ہو
- محققین آپ سے اور گھرانے کے ان افراد سے جو اس میں شامل ہونا چاہیں بات کریں گے۔
- وہ گھرانے کی زندگی کے امور اورABS کے ساتھ آپ کے تجربہ کی بات کریں گے۔
- وہ گھرانے کے ساتھ کچھ ایکٹیویٹیز یعنی کچھ کام بھی کریں گے اور آپ کو دینے کے لئے ایک کیمرہ بھی لائیں گے۔
- ہر بات چیت کے موقع پرشکریہ کا گفٹ واوّچر بھی گھرانے کو دیا جائے گا:
  - جب محقق سے ذاتی ملاقات ہو گی تو 30 پاوّنڈ
  - ٹیلیفون پر گفتگو کے وقت 20 پاوّنڈ کے لئے۔